

سیریبرل پالزی الائنس (CPA) اس دھرتی کے روایتی نگہبانوں کو تسلیم کرتا ہے اور ان کے دھرتی، پانیوں اور مقامی لوگوں کے ساتھ مسلسل رشتے کا اقرار کرتا ہے۔ ہم ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر تہذیبوں اور ماضی، حال اور مستقبل کے رہنماؤں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

سیریبرل پالزی (CP) سے کیا مراد ہے؟

ہم آپ اور آپ کے گھرانے کی مدد کے لیے حاضر ہیں۔ سیریبرل پالزی کے لیے جلد مدد حاصل کرنے سے آپ کے بچے کو نشوونما اور سیکھنے میں بہت فائدہ ہو سکتا ہے۔

سیریبرل پالزی سے کیا مراد ہے؟

سیریبرل پالزی (CP) میں انسان کے دماغ کی طرف سے اس کے پٹھوں تک پیغامات ٹھیک طرح نہیں پہنچ پاتے۔ سیریبرل کا مطلب ہے ‹دماغ›۔ پالزی کا مطلب ہے ‹پٹھوں کی کمزوری›۔ یہ مرض یا تو پیدائشی ہوتا ہے یا بچپن میں شروع ہو سکتا ہے اور بچوں میں جسمانی معذوری کی عام ترین وجہ یہی ہے۔CP رکھنے والوں کو حرکت، توازن اور بولنے میں مشکل ہو سکتی ہے۔ CP رکھنے والا ہر انسان دوسروں سے مختلف ہوتا ہے اور اسے مختلف قسموں کی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

سیریبرل پالزی کی قسمیں

CP کی مختلف قسمیں ہیں جو جسم کو مختلف طریقوں سے متاثر کر سکتی ہیں۔ کچھ لوگوں کے پٹھوں میں تناؤ ہوتا ہے، کچھ کے پٹھے کمزور ہوتے ہیں اور کچھ کو دونوں مسائل ہوتے ہیں۔ CP سے جسم کا صرف دایاں حصہ یا صرف بایاں حصہ یا دونوں حصے بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔

سیریبرل پالزی کی وجہ کیا ہے؟

CP پیدائش سے پہلے، پیدائش کے دوران یا پیدائش کے بعد بچے کے دماغ کے متاثر ہونے سے ہوتی ہے۔ آکسیجن کی کمی، انفیکشنوں یا قبل از وقت پیدائش کی وجہ سے ایسا ہو سکتا ہے۔ یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ CP ہونے میں کسی کا قصور نہیں ہوتا۔

Cerebral Palsy ALLIANCE

Urdu

سیریبرل پالزی کے آثار اور علامات

مختلف بچوں کی نشوونما مختلف رفتار سے ہوتی ہے اور سیریبرل پالزی کے آثار مختلف ہو سکتے ہیں لیکن یہ آثار ایسے ہو سکتے ہیں:

- بچپن میں حرکت کے سنگ میل پورے کرنے میں تاخیر جیسے ہاتھوں پیروں پر رینگنے اور چلنے میں تاخیر
- ہاتھوں اور بازوؤں کے استعمال میں مشکل
- بولنے یا کھانے میں مشکل



CPA کیسے آپ کے بچے کی مدد کر سکتا ہے

CP کے ماہرین کی حیثیت سے ہم آپ کے بچے کی نشوونما اور حرکت بہتر بنانے میں مدد دینے کے لیے حاضر ہیں. ہمارا ہدف آپ کے بچے کو وہ چیزیں کرنے میں مدد دینا ہے جو اس کے لیے اہم ہیں تاکہ وہ خوش و خرم اور صحتمند زندگی گزارے.
ہمارا بااخلاق عملہ یہ فراہم کر سکتا ہے:

تھراپیز: ہمارے تھراپسٹ آپ کے بچے کو حرکت، توازن، بولنے اور کھانے میں مدد دے سکتے ہیں.

آلات (معاون ٹیکنالوجی): ہم مختلف ٹولز اور آرتھوٹکس (ٹانگوں کے لیے سہارے)، وہیل چیئر اور کمیونیکیشن ایڈز جیسے آلات فراہم کرتے ہیں جن سے روزمرّہ کام آسان ہو جاتے ہیں.

دیگر مدد: NSW اور ACT میں مختلف سنٹروں میں کئی طرح کی مدد دستیاب ہے جیسے سب کے لیے قابل رسائی جم، پروگرامز اور دانتوں کا علاج.

مدد کے اخراجات کون ادا کرتا ہے؟

NDIS ایک گورنمنٹ پروگرام ہے جو معذور لوگوں کے لیے تھراپی اور آلات جیسی امدادی خدمات کا خرچ ادا کرتا ہے. جلد مدد حاصل کرنا اہم ہے اور NDIS فنڈنگ ملنے میں وقت لگ سکتا ہے. جس دوران آپ اس فنڈنگ کا انتظار کر رہے ہوں، ممکن ہے CPA آپ کو کوئی اور فنڈنگ دلانے میں مدد کر سکے.

ہم آپ اور آپ کے گھرانے کی مدد کے لیے حاضر ہیں.
سوالات یا مزید مدد کے لیے براہ مہربانی ہماری بااخلاق ٹیم سے بات کریں.

1300 888 378 پر کال کریں یا ویب سائیٹ cerebralpalsy.org.au دیکھیں.

Cerebral Palsy
ALLIANCE